آتش بازی: قوائدکوجانیں

کیا آپ کیلگری میں آتش بازی کا مظاہرہ کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں؟ خیر۔۔۔ ایسا مت سوچیں

کیلگری میں، تربیت یافتہ اور مصدقہ پیشہ ور فرد کے علاوہ، جس کے پاس آتش بازی کا اجازت نامہ موجود ہے، آتش بازی اور پائروٹیکنکس کو نہیں سلگا یا جانا چاہیے اور نہ ہی ان کا مظاہرہ کیا جانا چاہیے۔ اس میں ذاتی یا صارف آتش بازی شامل ہیں جو کیلگری کے باہر سے خریدے گئے ہیں یا منگوائے گئے ہیں۔

بغیر پرمٹ کے، آتش بازی، پاروٹیکنکس یا بلاسٹنگ کا استعمال نیشنل فائر کوڈ (البرٹا ایڈیشن) یا سٹی آف کیلگری کے ضمنی قوانین کی خلاف ورزی ہے اور اس کے نتیجے میں جرمانے ہو سکتے ہیں یا قانونی کاروائی ہو سکتی ہے۔

کیلگری میں آتش بازی کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، calgary.ca/fireworks پر جائیں یا کوڈ کو اسکین کریں۔

فائر ورکس کی سروس کی درخواست کو مکمل کرنے یا غیر اجازت یافتہ آتش بازی کے بارے میں شکایت کی اطلاع دینے کے لیے **311 سے رابطہ کریں۔**

آتش بازی کے ذریعے لگنے والی قابو سے باہر آگ کی اطلاع کے لیے **911 پر کال کریں۔**

آتش بازی کا استعمال کرنے سے پہلے

کیلگری میں آتش بازی کا استمال کرنے سے پہلے، کسی شخص یا کمپنی کے پاس فائر ورکس کا ایک درست اجازت نامہ ہونا چاہیے اور اس کے پاس مناسب توثیق اور سرٹیفیکیشن ہونی چاہیے۔

کیلگری میں، کیلگری فائر ڈپارٹمنٹ کو آتش بازیوں، پائروٹیکنکس اور فلم سازی سے متعلق خصوصی اثرات کے لیے اجازت ناموں کو منظور کرنے کا اختیار حاصل ہے اور یہ ان کو جاری کرنے کا ذمہ دار ہے۔

کیا کرنا چاہیے

کسی بھی شخص یا کمپنی کے لیے، جسے کسی بھی قسم کے آتش بازی کی نمائش کو انجام دینے کا کانٹریکٹ دیا گیا ہے، ضروری ہے کہ وہ فائر پرمٹ کے لیے درخواست دے اور درج ذیل معلومات جمع کرائے:

- 311 کے ذریعے سروس کی درخواست۔
- اس پراپرٹی سے متعلق اجازت کا خط جہاں کارکردگی/نمائش ہو گی۔
- کم از کم 5 ملین ڈالر کی رقم کے انشورنس کا ثبوت۔
- ٹیکنیشن سرٹیفیکیٹ کی ایک درست کاپی۔
- تفصیلی سائٹ پلان۔
- مصنوعات کی ایک فہرست جس میں مینوفیکچرر، قسم، سائز اور مقدار شامل ہوں۔
- تفصیلی فائر سیفٹی پلان۔

پرمٹ کی فیس

فیس اس بات پر مبنی ہے کہ آپ کو کتنے دنوں کے لیے اجازت نامہ درکار ہے۔

کیلگری میں آتش بازی کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، calgary.ca/fireworks پر جائیں

25-0047436 CRV-37700